نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی جدید زراعت کو متعارف کروانے کے لئے کوشاں ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور **23 ستمبر 2022**: پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی جدید زرعی ٹیکنالوجی کو متعارف کروانے کے لیے کوشاں ہے ان خیالات کا اظہار سید حسین جہانیاں گردیزی وزیر زراعت پنجاب نے پہلی بین الاقوامی پریسین ایگریکلچر کانفرنس 2022 کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس کانفرنس کے انعقاد کا مقصد ملکی سطح پر ڈیجیٹل ایگریکلچر اور پریسین ایگریکلچر کو فروغ دینا تھا۔اس دوروزہ کانفرس میں ملکی و غیر ملکی سائنسدانوں نے اپنے تحقیقی کام کے متعلق شرکاء کو بریف کیا۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان کو بہت زیادہ خدشات ہیں اور اس لئے جدید زرعی ٹیکنالوجی کو عام کرنا انتہائی ضروری ہے۔ پاکستان میں ڈیجیٹل ایگریکلچر اور پریسین ایگریکلچر کو عام کرنے کے لیے مربوط حکمت عملی کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔جدید زرعی ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل زراعت کو فروغ دینے سے پاکستان نہ صرف زرعی پیداوار میں خود کفیل ہوسکتا ہے بلکہ زرعی پیداوار کی برآمدات کا خواب بھی شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے۔انہوں نے کانفرنس کے انعقاد پر پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی کو مبارکباد دی۔اس موقع پر پیر مہر علی شاہ زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر ڈاکٹر قمر الزمان کا کہنا تھا کہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے سب سے پہلے پاکستان میں سب سے پہلے جدید ڈیجیٹل اور پریسین زراعت کو متعارف کروایا۔ پاکستان میں کاشتکار روایتی کاشتکاری سے میکنائزیشن پر جارہا ہے اب یونیورسٹی نے جی آئی ایس کا خواب بھی شرمندہ تعبیر کردیا ہے۔اس کانفرنس میں ترقی پسند کاشتکاروں، انڈسٹری سے منسلک افراد اور حکومتی عہدیداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆